رسید زر

منشی محمد ابراہیم صاحب مدرس از کیپ انبالہ۔ ے
لالہ خوشی رام صاحب از لاہور۔ ے
سید عباس بیگ صاحب محرر سہارنپور۔ ۱۲
منشی جیون مل صاحب از دہلی۔ عـه
مہا سنگھ صاحب از رامپور۔ ۸
منشی عبد المجید صاحب از رائے بریلی۔ ے
پادری ایس مارٹن صاحب از سیالکوٹ۔ ے ۱۲
بابو چھبیلا لال صاحب ہیڈ منشی رجمنٹ نمبر ۲۵۔ ے
کنور بھگوان چند صاحب از نالہ گڈہ۔ ے
پادری صادق مسیح صاحب از بٹالہ۔ عـه
ٹھاکر سری کیسری سنگھ جی راجہ صاحب از نالہ گڈہ۔ ے
منشی منور خان صاحب کیپٹی کسٹ از نالہ گڈہ۔ ے
ٹھاکر صاحب سری ساودل سنگھ جی صاحب سردار گڈہ۔ ے
منشی گوپال ناتھ صاحب مدرس نالہ گڈہ۔ ے
مسٹر عبد اللہ آتھم صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بہادر کرنال۔ ے
از ممبران صاحبان میونسپل کمیٹی رائکوٹ۔ ے
〃 〃 ماچھی واڑہ ے
〃 〃 جگراؤں ے
〃 〃 〃 کھنہ۔ ے
〃 〃 〃 بہلولپور۔ ے
پادری ٹی آر وید صاحب از امرتسر۔ ے
منشی کرپا رام صاحب مدرس مکتسر ضلع فیروز پور۔ ے
ماسٹر غلام محی الدین صاحب از ایبٹ آباد۔ ے
پادری تھامس صاحب از نور پور۔ ے
مولوی محمد حسن صاحب رئیس اعظم لودیانہ۔ عـه ۱۲
ماسٹر کرپا سنگھ صاحب از پائل۔ عـه ۱۴
پنڈت گنڈا رام صاحب ہندو دھرم پرکاش رائکوٹ۔ لعه

لودیانہ

ہفتہ حال میں مردم شماری کا کام شہر میں بڑی سرگرمی سے ہوتا رہا اور ایک روز خود جناب صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر نے شہر کا ملاحظہ فرمایا و چکداران نے اپنے کاغذات لکھنے شروع نہیں کئے تھے صاحب موصوف نے عـه عـه جرمانہ کی سزا دی پھر تو فی الفور ہی تمام چکداران نے اپنا کام بڑی کوشش سے ذرات میں تیار کیا۔ ۷ جنوری کو جناب صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر نے تمام علاقہ داران و حلقہ داران و چک داران کو تحصیل میں طلب فرما کر ہدایت فرمائی کہ ۱۲ جنوری تک تمام کام کو ختم کرو اور تمام عملہ کو چار روز کی رخصت اسی کام کے لئے دیگئی چنانچہ ۱۲ جنوری کو سب نے اپنا اپنا کام تیار کر لیا اور جناب صاحب جوڈیشل اسسٹنٹ و جناب مسٹر فیلڈ صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر و جناب رائے اودی رام صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر و جناب حافظ سمندر خان صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ نے شہر کی مردم شماری کی پڑتال کر لی۔ یقین ہے کہ ہمارے شہر کی مردم شماری بہت اچھی ہوگی۔

ہم بڑی خوشی سے یہہ بات درج اخبار کرتے ہیں کہ ہمارے مشن اسکول کے جتنے طلبہ امتحان یونیورسٹی کلکتہ کے داخلے میں گئے تھے سبکے سب درجہ دوم میں پاس ہوگئے ہمارے ناظرین بخوبی واقف ہیں کہ مشن اسکول میں کس کوشش سے تعلیم دیجاتی ہے بباعث عدم گنجایش ہم کچھ بیان نہیں کرسکتے ہیں کسی وقت مفصل بیان کیا جاویگا۔ جو طلبہ پاس ہوئے ہیں اُنکے نام ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ ملاوا مل۔ گنڈا رام۔ اجودھیا پرشاد۔ فتح چند۔ غلام مرتضی +

صفائی کی بابت جب ہم کچھ لکھا کرتے ہیں تو ایک دو ہفتہ تک ملازمان صفائی ذرا کوشش رکھتے ہیں بعد میں پھر لاپروائی کو کام میں لاتے ہیں چونکہ اب بہت عرصہ ہوا ہے جو ہمنے کچھ نہیں لکھا ہے۔ اب شہر کی حالت صفائی کے بارے میں جیسی ہے خود شہر والے جانتے ہیں کہ گلی کوچوں میں کہانتک خرابی ہو رہی ہے لیکن ملازمان صفائی اب اسمیں غور کرتے ہیں کہ ہم کیا کریں صفائی کے لئے کافی بار برداری موجود نہیں ہے ہم اُمید کرتے ہیں کہ صاحبان میونسپل کمیٹی کوئی عمدہ تجویز فرماوینگے +

اخبار سفیر ہند دہلی میں لکھا ہے کہ شیخ محمد ابراہیم صاحب خلف شیخ ولی محمد سوداگران دہلی نے شادی دختر نیک اختر اپنی کی ہمراہ میاں فخر الدین پسر میاں احمد جان صاحب سوداگران لودیانہ کے منعقد کی موافق شرع محمدی کے عقد پڑھوایا گیا کہتے ہیں کہ شیخ صاحب نے شادی دختر میں کمال اولوالعزمی اور بلند حوصلگی کو کام فرمایا علاوہ اور سامان کے گیارہ جوڑے گوٹہ کناری کے متفرق اور ایک سو اکیس عدد ظروف کلاں برنجی اور پانچ کٹورہ نقرئی اور پلنگ باسامان نقرہ اور سات سو روپیہ نقد بابت پالکی و اسپ اور ساٹھ دوشالہ بنارسی قرابتیاں سمدہی صاحب کو اور چار ہزار روپیہ کا زیور طلائی و نقرئی اور ایک کڑہ قیمتی چار ہزار روپیہ کا غرضیکہ قریب بیس پچیس ہزار روپیہ کے شادی میں صرف کیا۔ شیخ احمد جان صاحب نے بھی میاں فخر الدین کے ختنہ کی تقریب میں ہزار ہا روپیہ صرف کیا تھا اور ایسی دھوم دھام سے وہ تقریب ہوئی تھی کہ لوگوں کو اجتک یاد ہے +